ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔

فون:۔ 02199212639

# پریس ریلیز

کراچی 10 اپریل 2018ء:۔

آئی جی سندھ اے ڈی خواجہ نے عوامی کالونی پولیس کی مبینہ سرپرستی میں شراب کی کھلے عام فروخت کے حوالے سے میڈیا رپورٹس پر نوٹس لیتے ہوئے ایس ایس پی کورنگی سے تفصیلی انکوائری سمیت انسدادی اقدامات پر مشتمل رپورٹ فوری طور پر طلب کرلی ہے۔

انہوں نے اس تناظر میں تمام ایس ایس پیز کراچی کو ہدایات جاری کیں ہیں کہ شراب کی کھلے عام فروخت اور ایسے فعل میں ملوث عناصر کیخلاف تمام تر قانونی کاروائی کو یقینی بناتے ہوئے جملہ انسدادی اقدامات کو موثر اور مربوط بنایا جائے۔

انہوں نے کہا کہ قواعد اور ضوابط پر عمل درآمد جیسے اقدامات میں کسی بھی قسم کی غفلت یا لاپرواہی ناقابل برداشت ہے بصورت دیگر مرتکبین کیخلاف نا صرف محکمانہ بلکہ قانونی کاروائی بھی عمل میں لائی جائے گی۔